بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

نواز شریف کی حسن روحانی سے ملاقات

سعودی عرب ایران تنازع حل کرنے کیلئے فوکل پرسن مقرر کرنے کا فیصلہ

تنازع مذاکرات سے حل کرنے پر اتفاق ہوا ہے، دورے سے مطمئن ہوں، امید ہے ایران سعودی عرب کے درمیان کشیدگی ختم ہوجائیگی، ریاض اور تہران ایک دوسرے کو دشمن نہیں سمجھتے، دونوں نے پاکستانی کوششوں کی حمایت کی، نواز شریف

وزیراعظم اور ایرانی صدر کے درمیان سول وعسکری وفود کیساتھ ملاقات ہوئی، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال، نواز شریف ایرانی اول نائب صدر اور وزیر دفاع سے بھی ملے، بعدازاں تہران سے ڈیوس چلے گئے

تہران (مانیٹرنگ سیل، ایجنسیاں) وزیراعظم نواز شریف اور ایرانی صدر حسن روحانی کے درمیان ملاقات میں سعودی عرب ایران تنازع حل کرنے کیلئے فوکل پرسن مقرر کرنیکا فیصلہ اوراسے مذاکرات سے حل کرنے پر اتفاق ہوا ہے، نواز شریف اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اپنے دورے سے بہت مطمئن ہوں، امید ہے ایران سعودی کشیدگی ختم ہو جائیگی، ریاض اور تہران ایک دوسرے کو دشمن نہیں سمجھتے، دونوں نے پاکستانی کوششوں کی حمایت اور تعریف کی ہے، انھوں نے بتایا کہ تنازع حل کرنے کیلئے ایران اور پاکستان اپنے اپنے فوکل پرسن مقرر کریں گے، سعودی عرب سے بھی ایسا کرنیکی درخواست کی جائیگی۔ وزیراعظم نے ایرانی صدر سے ملاقات کے بعد تہران میں میڈیا سے گفتگو میں کہا ہے کہ ایران نے تنازع حل کرنے کیلئے فوکل پرسن مقرر کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ ہم نے کسی کے کہنے پر امن مشن شروع نہیں کیا یہ ہمارا اپنا فیصلہ ہے اور پاکستان دو اسلامی ممالک میں مصالحت کیلئے اپنا فرض ادا کر رہا ہے۔ دونوں ممالک میں تنازع کا پرامن حل اسلامی اور مقدس فریضہ ہے۔ ثالثی کا کردار ادا کرنا ہمارے لئے باعث فخر ہے۔ دونوں ممالک سے بات چیت سے حوصلہ ملا ہے، میں دونوں ممالک کے دوروں سے بہت مطمئن ہوں۔ نواز شریف نے کہا ہے کہ ایران اور سعودی عرب میں کشیدگی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، دونوں ممالک کے درمیان صلح ہونی چاہیے، وزیراعظم نے کہا کہ قرآن کریم کا فرمان ہے 2 مسلمان بھائی لڑیں توان کی صلح کراؤ، وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب اور ایران ہمارے بھائی ہیں، انہیں دہشت گردی کے خطرے کا ادراک ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ معاملات طے کرنے کے لیے مخلص کوششیں کر رہے ہیں اور اس سلسلے میں انھوں نے دونوں ملکوں کے خدشات ایک دوسرے تک پہنچائے ہیں۔ نواز شریف نے کہا کہ دہشت گردی اور انتہاپسندی ہماری اس وقت سب سے بڑی دشمن ہیں سعودی عرب اور ایران نے ہمارے موقف کی تائید کی ہے، وزیراعظم نواز شریف نے کہا کہ دونوں برادر ملکوں نے ہماری کوششوں کو سراہا ہے۔ اس سے قبل وزیراعظم کے دفتر سے جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم نواز شریف اور ایران کے صدر حسن روحانی اپنے سول و عسکری قیادت پر مبنی وفود کے ہمراہ ملاقات کی، فریقین نے باہمی دلچسپی کے امور پر تبالہ خیال کیا۔ انھوں نے ایران کے اول نائب صدر اسحاق جہانگیری اور وزیر دفاع حسین دہقان سے بھی ملاقات کی۔ بعدازاں وزیراعظم اپنا دورہ مکمل کرکے عالمی اقتصادی فورم میں شرکت کیلئے ڈیووس روانہ ہوگئے، ایرانی وزیر داخلہ اور دیگر اعلیٰ حکام نے وزیراعظم کو رخصت کیا۔ خیال رہے کہ منگل کو پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت سعودی عرب کا دورہ مکمل کرکے تہران پہنچی تھی۔

ShareThis

ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھئے

آج کا اخبار پڑھئے